# SHAHTAJ TEXTILE LIMITED

## NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

To,

All the Shareholders,

Notice is hereby given to all the shareholders of SHAHTAJ TEXTILE LIMITED that the 27th Annual General Meeting of the Company will be held on Monday, the 31st October 2016, at 11:30 A.M at PC Hotel, Shahrah-e-Quaid-e-Azam, Lahore to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of Annual General Meeting held on 31st October, 2015.

2. To consider and adopt audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2016 together with Auditors' and Directors' Reports thereon.

3. To approve a cash Dividend @ 45% i.e. Rs.4.50 per share for the year ended June 30, 2016 as recommended by the Directors.

4. To appoint Auditors of the Company for the year 2016-2017 and to fix their remuneration. The present Auditors M/s. Deloitte Yousuf Adil, Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for reappointment.

**Special Business**

5. To authorize the Company, subject to the approval of the Securities and Exchange Commission of Pakistan, to transmit its quarterly accounts by placing the same on the Company's website instead of circulating by post to the Shareholders, through the following ordinary resolutions:

   RESOLVED THAT subject to all prior necessary approvals as stipulated by the regulatory authorities, the Company be and is hereby authorized to transmit its quarterly accounts by placing the same on the Company's website instead of circulating by post to the Shareholders.

   FURTHER RESOLVED that the Company Secretary be and is hereby authorised to do all necessary acts, deeds and things in connection therewith and ancillary thereto as may be required or expedient to give effect to the spirit and intent of the above resolution.

6. To incorporate mandatory E-voting provisions in the Articles of Association of the Company through following resolutions as Special Resolutions.

   'RESOLVED that the Articles of Association of the Company be amended by inserting two new Articles No. 60A and 60B after Article No. 60.

   60A In case of E-voting both members and non-members can be appointed as proxy through an instrument of proxy as prescribed in option No.2 of Schedule II of SRO 43 (I)/2016 dated 22nd January, 2016 being SECP Notification of Companies (E-voting) Regulations, 2016.

60B All other provisions and requirements for E-voting as prescribed by SRO 43 (I)/2016 dated 22nd January, 2016 being SECP Notification to Companies (E-voting) Regulations, 2016 and any subsequent amendments thereto shall be deemed to be incorporated in these Articles of Associations irrespective of the other provisions of these Article and notwithstanding anything contrary therein.

7. To transact any other ordinary business with the permission of the Chair.

By Order of the Board

(JAMIL AHMAD BUTT)
Company Secretary

Karachi: September 27, 2016

Notes:

1. The share transfer books of the Company will remain closed from 22nd October to 5th November 2016, (both days inclusive).

2. Members holding shares physically and Holders of Accounts and Sub-accounts for Company's shares in Central Depository Company of Pakistan Limited, who wish to attend this Annual General Meeting may do so by identifying themselves through their original CNIC/Passport and providing a copy thereof.

3. A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his/her proxy to attend and vote. Proxies in order to be effective must be received at the Company's Registered Office not less than 48 hours before the meeting and must be duly stamped, signed and witnessed.

4. **Submission of Copies of CNIC**

   The Securitas and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide its SRO 779 (I)/2011 dated August 18, 2011, SRO 831 (I)/2012 dated July 5, 2012 and SRO 19 (I)/2014 dated January 10, 2014 has made it mandatory that the dividend warrants should bear the Computerised National Identity Card Number (CNIC) of the registered member or authorised person, except in the case of minor(s) and corporate members. Therefore individual members or their authorised representatives who have not yet provided a copy of their valid CNICs to the Company/Shares Registrar are requested to provide the same at their earliest to avoid any inconvenience. In case of non-receipts of copy of valid CNIC (unless it has been provided earlier) the Company will be constrained to withhold dispatch of dividend warrant to such Shareholder as per SECP directives.

5. **Deduction of Income Tax**

   As per the provisions of Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Ordinance") different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the

amount of dividend paid by the companies. The Current withholding tax rates are as under:

(a) For Filers of Income Tax Return: 12.50%
(b) For Non-Filers of Income Tax Return: 20.00%

All the shareholders whose names are not entered into the Active Tax-payers list (ATL) provided on the website of the Federal Board of Revenue ("FBR"), despite the fact that they are Filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the date of issuance of Dividend Warrants, otherwise tax on their Dividend will be deducted @ 20% instead of @ 12.50%.

The Corporate Shareholders having CDC account are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective Participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificates to the Company or Company's Share Registrar and Share Transfer Agent , M/s. JWAFFS REGISTRAR SERVICES (PVT) LIMITED.

The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as case may be, must quote Company name and their respective Folio Numbers.

As per FBR's clarification, the valid Exemption Certificate under Section 159 of the Ordinance is mandatory to claim exemption of withholding tax under Clause 47B of Part-IV of Second Schedule to the Ordinance. Those who fall in the category mentioned in above Clause must provide valid Tax Exemption Certificate to our Shares Registrar; otherwise tax will be deducted on dividend amount as per rates prescribed in Section 150 of the Ordinance.

For shareholders holding their shares jointly, as per the clarification issued by the FBR, withholding tax will be determined separately on 'Filer / Non-Filer' status of Principal shareholder as well as Joint-holder(s) based on their shareholding proportions. All shareholders who hold shares jointly are therefore requested to provide shareholding proportions of Principal Shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to the Registrar and Shares Transfer Agent in writing as follows:

| Folio / CDC Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) | Name and CNIC No. | Shareholding Proportion (No. of Shares) |

## Statement of material facts under Section 160 (1) (b) of the Companies Ordinance, 1984:

**<u>Agenda Item No. 5</u>**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide circular No. 19 of 2004 has allowed listed companies to place their quarterly accounts to their Website instead of sending the same by post. Directors of the Company have considered it and recommended the shareholders to give their consent to adopt this change. It will facilitate prompt disclosure of the information to the shareholders as well as saving some costs, associated with printing and dispatch of the accounts by post.

The Company however will supply printed copies of accounts to the shareholders on demand at their registered address free of cost.

**Agenda Item No. 6**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued Companies (E-Voting) Regulations, 2016 which are effective with immediate effect.

To give effect to these regulations Company has to amend its Articles of Association by way of inserting 2 new clauses as mentioned in Agenda Item No. 6. These amendments will pave way for moving ahead to fully implement these regulations, ultimately extending E-voting right to members.

# LOGO

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

شاہ تاج ٹیکسٹائل لمیٹڈ کے تمام حصص یافتگان کو بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا27واں سالانہ اجلاس عام 31اکتوبر 2016ء بروز پیر صبح 11:30 بجے پرل کانٹینینٹل ہوٹل، شاہراہِ قائداعظم، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عام اُمور:**

(۱) اجلاسِ عام منعقدہ 31اکتوبر 2015ء کی کاروائی کی توثیق۔

(۲) سال مختتمہ 30 جون 2016ء کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات معہ ان پر ڈائیریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غوروخوض اور منظوری۔

(۳) ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق سال مختتمہ 30 جون 2016ء کیلئے نقد ڈیویڈنڈ بحساب پینتالیس فیصد یعنی چار روپے پچاس پیسے فی شئیر کی منظوری۔

(۴) سال 2016-2017ء کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہراہ کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز ڈیولیٹ یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بنیاد پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔

**خصوصی اُمور:**

(۵) سیکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی منظوری سے کمپنی کو درج ذیل عام قرارداد کے ذریعہ اختیار دینا کہ ہر سہ ماہی کے حسابات تمام حصص یافتگان کو بجائے بذریعہ ڈاک بھجوانے کے ویب سائٹ پر مہیا کر دیئے جائیں۔

'قرار پایا کہ مجاز متعلقہ اداروں سے تمام ضروری منظوریاں حاصل کرنے کے بعد، کمپنی کو اختیار حاصل ہوگا کہ ہر سہ ماہی کے حسابات تمام حصص یافتگان کو بجائے بذریعہ ڈاک بھجوانے کے کمپنی کی ویب سائٹ پر مہیا کئے جائیں۔'

'مزید قرار پایا کہ کمپنی سکریٹری کو بذریعہ ھذا اختیار دیا جاتا ہے کہ مذکورہ قرارداد پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے تمام متعلقہ اور ضروری اُمور انجام دیں۔'

(۶) کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں حصہ داران کو ای۔ووٹنگ کا حق دینے کے لئے درج ذیل قراردادوں پر بطور خصوصی قراردادوں کے غور کرنا اور منظور کرنا۔

60A SRO نمبر43(1)/2016 کے تحت SECP کے جاری کردہ ای۔ووٹنگ ریگولیشنز 2016 کے شیڈیول II میں دیئے گئے پراکسی فارم کو استعمال کرتے ہوئے ممبر اور غیر ممبر ہر دو پراکسی مقرر کئے جا سکتے ہیں۔

60B SRO نمبر43(1)/2016 کے تحت SECP کے جاری تمام ای۔ووٹنگ ریگولیشنز 2016 میں درج تمام شرائط وضوابط اور وقتاً فوقتاً ان میں کی جانے والی ترامیم اس آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں، اس کے کسی ضابطے سے متصادم ہونے سے قطع نظر، درج شدہ قرار پائیں گے۔

(۷) صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر عام امر کی انجام دہی۔

حسب الحکم بورڈ
شاہ تاج ٹیکسٹائل لمیٹڈ
(جمیل احمد بٹ)
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 27 ستمبر 2016ء

**نوٹس:**

(۱) کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 22 اکتوبر تا5 نومبر 2016ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

(۲) (2) اس سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند شیئرز سرٹیفکیٹ رکھنے والے حصہ داران یا سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں کمپنی شیئرز کے اکاؤنٹس اور سب اکاؤنٹس ہولڈرز اپنے اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ دکھا کر اور ان کی نقل فراہم کر کے شریک ہوسکتے ہیں۔

(۳) ایک ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا استحقاق رکھتا ہے، اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ وہی پراکسیز موثر ہوں گی جو اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں باقاعدہ اسٹیمپ شدہ، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ وصول ہوجائیں گی۔

(۴) **شناختی کارڈ کی نقل کی فراہمی**

سیکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے بذریعہ ایس آر او نمبر 2011/(I)779 مورخہ 18 اگست 2011ء، ایس آر او نمبر 2012/(I)831 مورخہ 05 جولائی 2012ء، اور ایس آر او نمبر 2014/(I)19 مورخہ 10 جنوری 2014ء یہ لازم کر دیا گیا ہے کہ ڈیویڈنڈ وارنٹ (Dividend Warrant) پر رجسٹرڈ ممبرز یا مجاز اشخاص (سوائے بچگان اور کارپوریٹ ممبرز) کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر لازمی پرنٹ ہونا چاہئے۔

اس لئے جن حصہ داران یا مجاز اشخاص نے اب تک اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کمپنی یا شیئرز رجسٹرار کو مہیا نہیں کی اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے کارآمد شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، فولیو نمبر کے ساتھ جلد مہیا کردیں تاکہ کسی بھی قسم کی زحمت سے بچے رہیں۔ اگر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی موصول نہیں ہوئی (سوائے جن کی پہلے موصول ہوچکی ہے) تو کمپنی سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایت کی روشنی میں ڈیویڈنڈ کی ترسیل روکنے پر مجبور ہوگی۔

(۵) **انکم ٹیکس کی کٹوتی**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق نمبر 150 کے مطابق کمپنیز کے ادا کردہ ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لئے مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں، موجودہ ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح درج ذیل ہے:

(الف) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے والوں کے لئے ۱۲.۵۰ فیصد

(ب) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لئے ۲۰.۰۰ فیصد

ایسے تمام شیئرز ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں باوجود اس حقیقت کے کہ وہ ٹیکس گوشوارے جمع کراتے ہیں موجود نہیں اُنہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس کے اجراء کی تاریخ سے قبل اُن کے نام اے ٹی ایل میں شامل ہوجائیں بصورت دیگر ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ کی کٹوتی بجائے ۱۲.۵۰ فیصد کے ۲۰ فیصد کی جائے گی۔

اسی طرح سی ڈی سی (CDC) اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ شیئرز ہولڈرز اپنے قومی ٹیکس نمبر کا اندراج متعلقہ پارٹیسیپینٹس کے ساتھ کروالیں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئرز ہولڈرز اپنے قومی ٹیکس سرٹیفکیٹ کی نقل (فوٹو کاپی) کمپنی یا کمپنی کے شیئرز رجسٹرار اور شیئرز ٹرانسفر ایجنٹ میسرز جوفس رجسٹرار سروس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو لازماً ارسال کردیں۔

وہ تمام شیئرز ہولڈرز جو قومی ٹیکس نمبر یا قومی ٹیکس سرٹیفکیٹ (این ٹی این) بھیجیں، لازماً حوالہ کے لئے اپنا فولیو نمبر اور کمپنی کا نام تحریر کریں۔

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی وضاحت کے مطابق آرڈیننس کے دوسرے شیڈول کے حصہ چہارم کی کلاز 47B کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کے دعویٰ کے لئے ایک موثر ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ لازمی ہے جو آرڈیننس کی شق نمبر 159 کے تحت جاری شدہ ہو۔ ایسے تمام شیئرز ہولڈرز جن پر اِس کا اطلاق ہوتا ہے انہیں چاہیے کہ اپنا موثر ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ ہمارے رجسٹرار کو مہیا کریں بصورت دیگر ٹیکس کی کٹوتی شق 150 میں بیان کردہ شرح کے مطابق کی جائے گی۔

ایسے شیئرز ہولڈرز کے لئے جو ایف بی آر کی جاری کردہ وضاحت کے مطابق مشترکہ شیئرز کے حامل ہوں، ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین پرنسپل شیئر ہولڈر اور دیگر مشترکہ شیئرز ہولڈرز کے گوشوارے جمع کروانے /جمع نہ کروانے کی الگ الگ حیثیت اور ان کی انفرادی شیئرز ہولڈنگ کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ لہذا ایسے تمام شیئرز ہولڈرز کا جو شیئرز کے مشترکہ حامل ہیں، کمپنی کے رجسٹرار اور شیئر ٹرانسفر ایجنٹ کو تحریری طور پر درج ذیل نمونہ کے مطابق شیئر ہولڈنگ کا تناسب فراہم کردیں:

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شئیرز | پرنسپل (بنیادی) شئیر ہولڈر | | مشترکہ شئیرز ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شئیر ہولڈنگ کا تناسب (شئیر ز کی تعداد) | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شئیر ہولڈنگ کا تناسب (شئیر ز کی تعداد) |

## کمپنیز آرڈیننس 1984 کی شق (b) (1)160 کے تحت ضروری حقائق کا بیان

### ایجنڈا آئٹم نمبر۵

سکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے 2004 میں جاری کردہ ایس آر او نمبر 19 میں کمپنیوں کو اپنے سہ ماہی اکاؤنٹ بذریعہ ڈاک بھیجنے کے بجائے ویب وسائٹ پر مہیا کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ یہ معاملہ کمپنی کے ڈائریکٹرز کے زیرِ غور آیا جنہوں نے شئیر ز ہولڈرز کو اس سہولت کو اختیار کرنے کی سفارش کی ہے۔ اس تبدیلی سے بہ یک وقت تمام شئیر ز ہولڈرز کو معلومات کی جلد ترسیل ممکن ہو جائے گی اس کے علاوہ چھپوائی اور ڈاک کی ترسیل کے اخراجات میں بھی بچت ہوگی۔

تاہم کسی شئیر ز ہولڈر کی درخواست پر کمپنی حسابات کی طبع شدہ نقل ان کے رجسٹرڈ پتہ پر مفت ارسال کرے گی۔

### ایجنڈا آئٹم نمبر٦

سکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیوں کے لئے ای۔ووٹنگ کے ضوابط (ریگولیشنز) 2016 جاری کئے ہیں جو فوری طور پر نافذ العمل ہیں۔

انِ ضوابط پر عمل درآمد کی غرض سے ایجنڈا آئٹم نمبر٦ میں شامل دونئی کلاز کے اضافہ کے لئے کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی ضرورت ہے۔ یہ کلاز ضابطوں پر مکمل عملدرآمد کی راہ ہموار کریں گی اور ممبرز کو ای۔ووٹنگ کا حق حاصل ہوگا۔